کتابیاتِ اسلام (۳)

بھارت میں مخطوطات کی فہرستیں

سیّد عارف نوشاہی

مغربی پاکستان اردو اکیڈمی ○ لاہور

کتابیاتِ اسلام (۳)

بھارت میں مخطوطات کی فہرستیں

سیّد عارف نوشاھی

مغربی پاکستان اردو اکیڈمی ○ لاہور

بھارت میں
مخطوطات کی فہرستیں

طبع اول : اگست ۱۹۸۸ء

تعداد : ۱۰۰۰

O

ناشر : ڈاکٹر وحید قریشی
معتمد اعلیٰ مغربی پاکستان اردو اکیڈمی - لاہور

مطبع : ظفر سنز پرنٹرز
۹ بی ، کوپر روڈ ، لاہور

طابع : سید ظفر الحسن رضوی

صفحات : ۱۶۴

O

مقدمہ

''پاکستان میں مخطوطات کی فہرستیں ۔ کتابیات''* کے بعد اب ''بھارت میں مخطوطات کی فہرستیں ۔ کتابیات'' پیش خدمت ہے ۔ زیر نظر کتابیات کی تیاری انھی خطوط پر ہوئی ہے جو کتابیاتِ پاکستان کی ترتیب کے وقت ملحوظ رکھے گئے تھے ۔

پاکستان اور ہندوستان میں مخطوطات سے متعلق مسائل یکساں ہیں ، دونوں ممالک میں فہرست نگاری کے اسلوب میں بھی باہمی مماثلت پائی جاتی ہے ۔ چونکہ ان تمام نکات کا ذکر کتابیاتِ پاکستان کے مقدمے میں کر چکا ہوں للهذا یہاں دہرانے کی ضرورت نہیں ہے ۔ البتہ یہ وضاحت کرنا چاہوں گا کہ کتابیاتِ ہندوستان میں سنسکرت اور ہندوستان کی دیگر علاقائی زبانوں یا رسم الخطوط میں لکھے جانے والے مخطوطات کی فہرستیں شامل نہیں کی گئیں ، کیونکہ ان مخطوطات کی فہارس کی کتابیات پہلے ہی چھپ چکی ہے ۔ ملاحظہ ہو :

Klaus Ludwing Janert : An annotated bibliography of the catalogmes of Indian manuscripts.
Franz Steiner Verlay, Wiesbaden, 1965.

زیر نظر کتابیات میں اسلامی خطوط میں لکھے گئے مخطوطات کی فہرستوں کا احاطہ کیا گیا ہے ۔

اس کتابیات میں ہندوستانی مخطوطات سے متعلق مندرجہ ذیل نوعیت

---

* شائع کردہ مرکز تحقیقات فارسی ، اسلام آباد ۔

کی فہرستیں شامل کی گئی ہیں :

۱ - ہندوستان میں چھپی ہوئی فہرستیں ۔

۲ - ہندوستان میں موجود مخطوطات سے متعلق ہندوستان سے باہر چھپی ہوئی فہرستیں ۔

۳ - ہندوستان میں موجود مخطوطات سے متعلق غیر مطبوعہ فہرستیں جن کے مسودات ہندوستان میں یا غیر ملکی کتب خانوں میں پڑے ہیں ۔

۴ - مقالے کی صورت میں چھپی ہوئی فہرستیں (استثنائی طور پر صرف چند مقالات لیے گئے ہیں ورنہ مقالات پر الگ کتابیات تیار ہو سکتی ہے) ۔

زیر نظر کتابیات میں مجلدات اور عنوانات کے اعتبار سے ۱۶۶ فہرستوں کا مجمل یا مفصّل تذکرہ کیا گیا ہے ۔ ان میں سے بیشتر مجلدات کو میں نے براہ راست دیکھا ہے اور چند مجلدات کا ذکر بالواسطہ ماخذ کے حوالے سے ہوا ہے ۔

مجھے احساس اور اعتراف ہے کہ یہ ہندوستانی فہرستوں کی کوئی جامع کتابیات نہیں ہے ۔ دراصل اس کام کی تکمیل ہندوستان کے علمی مراکز دیکھے بغیر ہو بھی نہیں سکتی تھی ۔

اُمید ہے کہ اس کتابیات کی اشاعت کے بعد ہندوستان میں کتاب شناس حضرات اس جانب متوجہ ہوں گے اور اپنے گھر میں بیٹھ کر کام کرنے کی جو سہولت انھیں میسر ہے اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس موضوع کو آگے بڑھائیں گے ۔

کتابیات کی تیاری کے لیے میں نے اسلام آباد ، لاہور اور کراچی کے کتب خانوں کو دیکھا ۔ خاص طور پر کراچی میں محترمی مشفق خواجہ کے کتب خانے سے بھرپور فائدہ اٹھایا ۔ ڈاکٹر ظفر اقبال صاحب (کراچی)

اور پروفیسر محمد اقبال مجددی صاحب (لاہور) بذریعہ خطوط مجھے نئی معلومات فراہم کرتے رہے ۔ میں ان تمام احباب کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

عارف نوشاہی

اسلام آباد
۳ نومبر ۱۹۸۷ء

حوالوں کے مخففات کی وضاحت

آزاد ـ علی گڑھ : آزاد لائبریری ، مسلم یونیورسٹی ، علی گڑھ ـ

ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی : کتب خانۂ ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی ، شاہ فیصل مسجد ، اسلام آباد ـ

افشار : کتاب شناسی فہرست ہای نسخہ ہای خطی فارسی در کتاب خانہ ہای دنیا از ایرج افشار ، طہران ، ۱۳۳۷ خورشیدی ـ

انجمن ترقی اردو : کتب خانۂ انجمن ترقی اردو ، بابائے اردو روڈ ، کراچی ۱ ـ

انصار اللہ ، علی گڑھ : کتب خانۂ ڈاکٹر محمد انصار اللہ ، ۵۸۵/۳ سر سید نگر ، علی گڑھ ـ

باقر : فہرست کتاب خانۂ ملی دکتر محمد باقر ، پنجابی ادبی اکادمی لاہور ، ۱۹۶۱ء ـ

تسبیحی : نگرشی جامع بر کتاب شناسی ہای ایران تألیف دکتر غلام حسین تسبیحی ، انتشارات نیا ، تہران ، ۱۳۶۵ش ـ

جامعۂ پنجاب : کتب خانۂ جامعۂ پنجاب ، البیرونی روڈ ، لاہور ـ

جامعۂ کراچی : کتب خانۂ محمود حسین ، جامعۂ کراچی ، کراچی ـ

دکنی اور دکنیات : دکنی اور دکنیات ـ وضاحتی کتابیات از ڈاکٹر محمد علی اثر ، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد ، ۱۹۸۶ء ـ

ریو ۲ و ۳ : Catalogue of the Persian manuscripts in the British Museum by Charles Rieu, London, 1965.
دوسری اور تیسری جلد ـ

ظفر اقبال : کتب خانۂ ڈاکٹر اقبال ، ۳ ـ اے ، ڈینشاہ ـ ۴ ، باتھ آئی لینڈ ، کراچی ـ

فہرست نسخہ های خطی ۶ : فہرست نسخہ های خطی فارسی ، جلد ششم ، از احمد منزوی ، آر سی ڈی ، تہران ـ

گنج بخش : کتاب خانۂ گنج بخش ، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۵ ـ مسجد روڈ ، ایف ۶/۳ ، اسلام آباد ـ

مارشل : Mughals in India : A bibliographical Survey by D. N. Marshal, Asia Publishing House, Bombay, 1967.
Key to abbreviations اس کتاب کے حصہ سے استفادہ کیا گیا ہے ـ

محکمۂ آثارِ قدیمہ : کتب خانۂ محکمۂ آثارِ قدیمہ ، شہید ملت روڈ ، کراچی ـ

محمد اقبال مجددی : کتب خانۂ محمد اقبال مجددی ، چاہ میران ، لاہور ـ

مخطوطات انجمن ۳ : مخطوطات انجمن ترقی اردو ، جلد سوم ، از افسر صدیقی امروہوی ، انجمن ترقی اردو ، کراچی ، ۱۹۷۵ء -

مرکز ، دہلی :

مشفق خواجہ : کتب خانۂ مشفق خواجہ ، ۹/۳۶ ، ۳ - ڈی ، ناظم آباد ، کراچی -

معین الدین عقیل : کتب خانۂ ڈاکٹر معین الدین عقیل ، ۵۱/۳۸۳ - بی ، کورنگی ، کراچی - ۳۱ -

نظامی ، علی گڑھ : کتب خانۂ خلیق احمد نظامی ، سر سید نگر ، علی گڑھ -

نوشاہیہ : کتب خانۂ نوشاہیہ ، ساہن پال ، ضلع گجرات -

Janert : An annotated Bibliography of the Catalogues of Indian Manuscripts. by Klaus Ludwing Janert, Frans Steiner Verlay, Wiesbaden, 1965.

پس نوشت

اوائلِ مارچ ۱۹۸۸ء میں علی گڑھ اور دہلی کا ایک مختصر "تفریحی" سفر نصیب ہوگیا مگر ہماری "تفریحات" بھی کیا ہیں؟ خرابوں میں جانا، کتاب داروں سے ملنا اور کتابیں دیکھنا۔ اس سفر میں زیرِ نظر کتابیات میں توسیع کسی التزام کے ساتھ مدِ نظر نہ تھی مگر اپنے مطلب کی جو چیز سامنے آئی اس سے نظر ہٹا بھی نہ سکا اور روا روی میں کچھ معلوماتی اضافے ہو گئے۔ مگر اب بھی تکمیل کی گنجائش پائی جاتی ہے۔ یار زندہ، سفر باقی۔

عارف نوشاہی

۱۹ مارچ ۱۹۸۸ء

* ابوالقاسم ، شیخ

۱۔ فہرست مطبوعات و مخطوطات کتب خانہ حیدری ، حیدرآباد ۔ (اردو)
شیخ ابوالقاسم ، مالک و مدیر مطبع حیدری ، حیدر آباد ، ۱۳۵۳ھ
۱۵۴ ص ۔

حوالہ : دکنی اور دکنیات ، ص ۱۴۸ ۔

* اثر ، محمد علی

* اکبرالدین صدیقی احمد محی‌الدین حسین فاروقی ، ابو یوسف مولوی

۲۔ فہرست کتب خانہ سردارالحکما نواب فیلسوف جنگ مرحوم - (اردو)
حسب فرمائش مولوی محمد حسین خلفِ اکبر مرحوم موصوف ،
مطبع شمسی ، حیدر آباد دکن ۔

تعداد صفحات ہر موضوع کی مستقل ہے ۔

سردارالحکما نواب فیلسوف جنگ ، حیدر آباد دکن کے کتب خانہ کے
کے ۹۳۶۵ عربی ، فارسی ، اردو ، انگریزی مخطوطات و مطبوعات کی
موضوعی فہرست ہے ۔

موضوعات کی ترتیب حسبِ ذیل ہے :

مصحف ، ادعیہ ، تفسیر ، تجوید ، حدیث ، فقہ ، تصوف ، کلام ،
عقائد ، مذاہب ، مواعظ ، اخلاق ، پند ، سیاستِ مدن ، حکمتِ عملی ،
طب یونانی و ویدک ، طب ڈاکٹری ، بیطاری ، مناظرہ ، مثنوی ، ادب ،
بلاغت ، معانی ، ناول ، دواوین و کلیات و قصائد ، عروض ، لغت ، صرف ،
نحو ، منطق ، فلسفہ ، طبیعیات ، موسیقی ، مجمع‌العلوم ، ریاضی ، حرب ،
زیچ ، نجوم ، رمل ، جفر ، طلسمات ، فال ، قیافہ ، تعبیر ، تکسیر ، تذکرہ ،

سوانح عمری ، رجال ، تراجم ، سفر نامہ ، جغرافیہ ، انساب ، تاریخ ، محاضرات ، سیر ، قانون ، کیمیا ، معدنیات ، نباتات ، فلاحت ، حیوانات ، سپہ گری ، طباخی ، سیاق ، صنایع ، مسمریزم ، مرقعات ، قطعات ، تصاویر ، خطاطی ، اخبارات ، کتبِ انگریزی ، کتب غیر مجلد ۔

حوالہ : انجمن ترقی اردو ، کراچی ۔

* احسن شیر سید

۳۔ نوادر ۔ خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ کی فہرست کا ملخص (اردو)

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری ، پٹنہ ، ۱۹۶۱ء ، ۲۲ + ۳۳ + ۲۱۸ ص ۔

کتب خانۂ خدا بخش ، پٹنہ کے مخطوطات کی مفصل فہرست کی ۲۶ جلدوں میں سے ۳۴۰ نادر عربی و فارسی مخطوطات کی فہرست کا ملخص ہے ۔

حوالہ : مشفق خواجہ ، کراچی ۔

محمد اسحاق ۔ دیکھیے : ہدایت حسین

* Sprengar, Aloys (اسپرنگر)

۴۔ **Report of the Researches into the Muhammadan Libraries of Oudh.**

Calcutta,

Selection from the Record of the Government of India Forgeign Department Serial No. 82, 1894.

حوالہ : جامعہ پنجاب ، لاہور

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو : شاہان اودھ کے کتب خانے

A. Sprenger *

A Catalogue of the Arabic : Persian and Hindustani Manuscripts of the Libraries of Oudh. -۵

Vol. I. Persian and Hindustany Poetry.
Printed at Baptist Mission Press, Calcutta, 1854, pp. VIII + 645.

شاہِ اودھ کے کتب خانوں میں شاعری سے متعلق فارسی اور آردو کتابوں کے مخطوطات کی فہرست ہے۔ فنِ شاعری میں شعراء کے تذکرے ، دواوین ، کلیات اور مثنویات شامل ہیں ۔ کل ۷۲۹ اندراجات ہیں ۔

حوالہ : جامعہ پنجاب ، لاہور

A. Sprengar *

* مرتبہ و مترجمہ : محمد اکرام چغتائی

۶۔ شاہان اودھ کے کتب خانے ۔ (آردو)

انجمن ترقی آردو ، کراچی ، سلسلۂ مطبوعات ۳۵۸ ، ۱۹۷۳ء ، ۲۰۸ ص ۔

ڈاکٹر اسپرنگر نے شاہان اودھ کے عربی ، فارسی اور آردو مخطوطات کی مفصل فہرست مرتب کرتے وقت اس کام کے سرکاری نگران مسٹر ایلیٹ کو اپنے کام کے بارے میں تین مفصل رپورٹیں ارسال کیں جن کی تفصیل حسبِ ذیل ہے :

پہلی رپورٹ : متعلقہ موتی محل : ۶ جون ۱۸۴۸ء

دوسری رپورٹ : متعلقہ توپ خانہ : ۱ اکتوبر ۱۸۴۸ء

تیسری رپورٹ : متعلقہ توپ خانہ و فرح بخش : ۱۳ مارچ ۱۸۴۹ء

بعد ازاں ان رپورٹوں کو یکجا کر کے کلکتے سے ۱۸۹۴ء میں مندرجہ ذیل عنوان کے تحت شائع کر دیا گیا :

Report of the Researches into the Muhammadan Libraries of Oudh.

یہ اسی مجموعے کا اردو ترجمہ ہے ۔ ہر رپورٹ موضوعی ترتیب کے مطابق لکھی گئی ہے :

پہلی رپورٹ کے موضوعات : قواعد اور لغات ، جغرافیہ ، تاریخ ، چغتائی ادب ، قانون ، تذکرہ نویسی ، طب اور تاریخ طبیعی ، حدیث ، تصوف ، ۱۲ الدراجات ۔

دوسری رپورٹ کے موضوعات : قواعد اور لغات ، تاریخ ، تذکرہ نویسی ، چغتائی اور پشتو کتب ، فارسی شعرا کے دواوین ، اردو اور ہندی کتب ، متفرقات ، ۲۲ اندراجات ۔

تیسری رپورٹ کے موضوعات : لغت نویسی ، قواعد ، فن شعر گوئی ، علم البدیع ، تاریخ ، جغرافیہ ، تذکرہ نویسی ، عربی فارسی اور اردو شعرا کا کلام ، پشتو اور ترکی کتب ، ریاضیاتی علوم ، سنسکرت اور ہندی کتب کے فارسی تراجم ، تصوف و اخلاقیات وغیرہ ، طب اور کیمیا ، متفرقات ، انگریزی سے فارسی تراجم ۔

فاضل مترجم نے ان رپورٹوں کے ۳۹۳ موارد پر تحقیقی تعلیقات کا اضافہ کیا ہے ۔

حوالہ : گنج بخش

ڈاکٹر اسپرنگر کی اس فہرست کے اس حصے کا اردو ترجمہ بعنوان "یادگار شعرا" چھپ چکا ہے جو ریختہ کے شعرا کے متعلق ہے ۔ یہ ترجمہ طفیل احمد نے کیا ہے اور اتر پردیش اردو اکادمی لکھنو سے ۱۹۸۵ء میں دوبار شائع ہوا ۔ اسی فہرست کا فارسی ترجمہ آقای مہدی خواجہ پیری (دہلی) نے کیا ہے ۔

* اشرف علی ، شمس العلماء مرزا

Ashraf Ali, Shamsu-l-Ulama Mirza

-۷ **A Catalogue of the Arabic Books and Manuscripts in the**

Library of the Asiatic Society of Bengal.

دوسرا عنوان :
فہرست کتب عربیہ ایشیاٹک سوسائٹی ، بنگالہ :

Under the supervision of the Honorary Philological Secretary.

ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کلکتہ کے کتب خانے میں مطبوعہ اور مخطوطات عربی کتب کی مخلوط موضوعی فہرست ہے جسے دو حصوں پر تقسیم کیا گیا ہے :

Fasciculus I : Printed by M. Ali, at the Urdu Guide Printing Works, Calcutta, 1899, pp. 1-96

اس حصے کے موضوعات یہ ہیں : تفسیر ، فقہ ، اصول فقہ ، عقائد ، ادعیہ ، صرف ، نحو ، لغت ، تاریخ ، اخلاق و تصوف ، ادب و انشاء ، محاضرات ، بلاغت ، تجوید ، مناظرہ ، منطق ، حکمت ، طب ، ریاضی ، ہیئت و نجوم و رمل ، متفرقات ، دیوان و شرح دیوان ، قصیدہ و شرح قصیدہ ۔

Fasciculus II : Printed at the Baptist Mission Press, Calcutta, 1904, pp. 97-153.

دوسرے حصے میں صرف مجموعہ ہائے رسائل اور قرآن اور پنج سورہ کے مطبوعہ اور غیر مطبوعہ نسخے شامل کیے گئے ہیں ۔

آخر میں دونوں حصوں میں مذکور اسمائے کتب اور مصنفین کا اشاریہ ہے ۔

بنیادی طور پر یہ فہرست انگریزی زبان میں لکھی گئی ہے مگر ہر کتاب اور مصنف کے نام کے علاوہ دیگر اہم نکات بھی عربی رسم الخط میں درج کیے گئے ہیں ۔

حوالہ : نوشاہیہ

* Ashraf Ali, Maulvi Mirza

۸۔ **A Catalogue of the Persian Books and Manuscripts in the Library of the Asiatic Society of Bengal.**

دوسرا عنوان :

فہرست کتب فارسیہ ایشیاٹک سوسائٹی ، بنگالہ

Printed at the Baptist Mission Press, Calcutta, 1892, pp. 200.

ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کلکتہ کے کتب خانے میں موجود فارسی کتب کے مخطوطات کی موضوعی فہرست ہے۔ موضوعات حسبِ ذیل ہیں :

کتبِ مذہبیہ (تفسیر ، حدیث ، فقہ ، عقائد ، تجوید) ، لغت ، صرف و نحو و عروض ، تواریخ ، قصص ، اخلاق و تصوف ، انشا ، طب ، حکمت و منطق ، بلاغت ، ہیئت ، حساب و ہندسہ ، جغرافیہ ، متفرق کتب ، منظومات ، دواوین ، قصائد و رباعیات اور ان کی شرحیں ، کلیات ، مجموعہ ہائے رسائل ، عربی اور سنسکرت سے فارسی تراجم۔

حوالہ : جامعہ پنجاب ، لاہور

* محمد اشرف — Muhammad Ashraf

۹- A Catalogue of the Persian Manuscripts in the Salar Jung Museum & Library.

Volum I. Concerning 453 Mss. of History.

Salar Jung Museum and Library, Hayderabad, 1965, 611 pp.

سالار جنگ میوزیم اور لائبریری حیدرآباد میں تاریخ سے متعلق فارسی کتابوں کے ۴۵۳* نسخوں کی وضاحتی فہرست ہے۔ تاریخ کے ذیلی موضوعات یہ ہیں :

۱-	عام تاریخ	شمارہ اندراج	۱ - ۷۹
۲-	اسلامی تاریخ	"	۸۰ - ۱۵۶
۳-	تاریخ ایران و ترکستان	"	۱۵۷ - ۲۲۶
۴-	شہروں کی تاریخ	"	۲۲۷
۵-	تاریخ ہندوستان	"	۲۲۸ - ۳۵۱

۶- ہندوستانی صوبوں کی تاریخ و انگلینڈ کی تاریخ	"	۳۳۹ - ۳۵۲ ۳۵۱
۷- مجموعے	"	۳۵۲ - ۳۵۱
۸- مادہ ہائے تاریخ	"	۳۵۳

اس کے بعد مندرجہ ذیل اشاریے ہیں : ۱- اشخاص - ۲- عنوانات کتب - ۳- کاتبان - ۴- تاریخ ہائے کتابت - ۵- مقامات کتابت - ۶- مواہیر کی عبارتیں - ۷- رجسٹر اور زیر فہرست کے شماروں میں مطابقت - ۸- مصنفوں کے خود نوشت ، مصور اور خوش خط نسخے - خاص نسخوں کے بعض صفحات کے عکس بھی شامل کیے گئے ہیں -

Volume II : A Concles Discriptive Catalogue . . . concerning 199 Mss. Biographies, Geography and Travels 1966, 5 + 287 + 162 pp.

فارسی عنوان :

فہرست مشروح فارسی مخطوطات در سالارجنگ میوزیم وکتب خانہ

تذکرہ ، جغرافیہ اور سفر نامہ پر فارسی کتابوں کے ۱۹۹ نسخوں کی وضاحتی فہرست ہے - موضوعات کی تقسیم اس طرح ہوئی ہے -

۱- تذکرہ (صوفیہ و امراء ، شعراء ، خطاطان)	شمارہ اندراج	۳۵۳ - ۶۰۱
۲- جغرافیہ و سفر نامہ	"	۶۰۲ - ۶۳۹
۳- ضمیمہ	"	۶۵۰ - ۶۵۲

* یہ شمارہ اندراجات کا ہے - اس تعداد میں مجموعہ ہائے رسائل کے نسخے شامل نہیں ہیں - بقیہ سات جلدوں کی بھی یہی صورت ہے -

آخر میں ویسے ہی اشاریے ملحق ہیں جیسے پہلی جلد کے اختتام پر ہیں - اہم مخطوطات کی تصویریں بھی ہیں -

Volume III : Concerning 446 Mss. Tales, Ornate Prose, Prosody, Logogriphs. 1966, 22 + 264 + 62 pp.

فارسی کتب کے ۶۴۴ نسخوں کی وضاحتی فہرست ہے۔ موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے:

۱- قصص	شمارہ اندراج	۴۵۲ - ۶۵۳
۲- ادبی نثر ، انشاء ، عروض و قافیہ ، معما و امثال	"	۶۵۳ - ۱۰۹۸

آخر میں جلد اول کی طرح آٹھ اشاریے ملحق کیے گئے ہیں۔ نادر نسخوں کے نمونے بھی ہیں۔

Volume IV : Concerning 546 Mss. of Poetry, from beginning to 900 A.H, Firdauši to Jami. 1967. x + 300 + 67 pp.

فارسی شاعری کی ابتدا سے لے ۹۰۰ھ تک (فردوسی تا جامی) منظوم کتابوں کے ۵۴۶ نسخوں کی مفصل فہرست ہے۔ فہرست نویس نے ترتیبِ زمانی ہی کو ملحوظ رکھا ہے۔ شمارۂ اندراج ۱۰۹۹ - ۱۶۴۴ -

اہم قلمی نسخوں کے بعض اوراق کی تصویریں بھی شامل کی گئی ہیں۔

آخر میں جلد اول کی طرح آٹھ اشاریے ہیں۔

Volume V : Concerning 633 Mss. of Poetry, from 901 A.H. to the end (Maktabi to Nayyar d. after 1322 / 1914 and works to uncertain dates). 1969, 21 + 392 + 107 pp.

فارسی شاعری ، ۹۰۱ھ سے آخر تک (مکتبی سے نیر وفات مابعد ۱۳۲۲ھ/۱۹۱۴ء) منظوم کتابوں اور نامعلوم تاریخوں والی کتابوں کے ۶۳۳ مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے جو شعراء کے زمانۂ حیات کے مطابق تیار کی گئی ہے۔ شمارۂ اندراج ۱۶۴۵ - ۲۲۷۷ -

نادر مخطوطات کے بعض اوراق کی تصویریں اور اشاریے حسبِ جلدِ اول ہیں۔

Volume VI : Concerning 123 Mss. of Poetry, containing works of different Poets, bound in one volume, Anthologies, Bayads and Jungs. 1975, x + 168 + 92 pp.

فارسی عنوان :

۱۰- فہرست مشروح فارسی مخطوطات در موزہ و کتاب خانۂ سالار جنگ

محتوی بر ۱۲۳ مخطوطات منظومہ بشمول تصانیف شعرائے مختلف ، سفینہ ، بیاض ، جنگ ۔ شمارۂ اندراج ۲۲۷۸ - ۲۳۰۰ ۔

۴ نادر مخطوطات کے نادر صفحات کی تصویریں دی گئی ہیں ۔
آخر میں جلد اول کے مطابق اشاریے ہیں ۔

Volume VII : Concerning 627 Mss. of Islamic Theology. 1980, vii + 37 + 400 + 138 pp.

اسلامی علوم پر فارسی کتابوں کے ۶۲۷ نسخوں کی موضوعی وضاحتی فہرست ہے ۔ موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے :

۱- قرآنی علوم (تجوید و قرائت)	شمارۂ اندراج	۲۳۰۱ - ۲۳۲۴
۲- تفسیر قرآن	"	۲۳۲۵ - ۲۵۲۰
۳- حدیث	"	۲۵۲۱ - ۲۶۳۸
۴- فقہ	"	۲۶۳۹ - ۲۸۰۱
۵- عقائد	"	۲۸۰۲ - ۲۹۳۶
۶- متنازعہ فی امور پر رسائل	"	۲۹۳۷ - ۳۰۲۹

بعض نادر مخطوطات کی تصویریں اور اشاریے حسب جلد اول شامل ہیں ۔

Volume VIII : Concerning 462 Mss. on Islamic Theology. 1983, vi + 461 pp.

اس جلد کے ۳۶۲ مخطوطات کے موضوعات مندرجہ ذیل ہیں :

۱- ادعیہ	شمارۂ الدراج	۳۰۳۰ - ۳۱۸۷
۲- تصوف	"	۳۱۸۸ - ۳۳۶۰
۳- تاریخ مذاہب و فرق	"	۳۳۶۱ - ۳۳۹۳

تصاویر اور اشاریے حسب سابق ہیں ۔

حوالہ : گنج بخش

* Muhammad Ashraf

A Catalogue of the Arabic Manuscripts in the Salar Jung Museum & Library. ۱۰-

عربی عنوان۔

الفهرس المشروح للمخطوطات العربية المخزونة فی متحف سالار جنگ و مکتبة۔

Volume II : Concerning 367 Mss. The Glorious Quran, its Parts & Fragments.

Salar Jung Museum & Library, Hyderabad, 1962.

قرآن اور متعلقات کے ۳۶۷ نسخوں کی وضاحتی فہرست حسبِ ذیل ترتیب کے مطابق ہے :

۱۔ قرآن کے مکمل نسخے	شمارۂ الدراج	۱ - ۲۲۱
۲۔ قرآنی پاروں کے مکمل نسخے	"	۲۲۲ - ۳۲۸
۳۔ قرآنی پاروں کے بعض نامکمل نسخے	شمارہ	۳۲۹ - ۳۳۶
۴۔ فارسی ترجمے کے ساتھ	شمارہ	۳۳۷ - ۳۶۵

اس کے بعد کاتبوں ، تاریخ ہائے کتابت اور مراہیر کے علیحدہ علیحدہ اشاریے ہیں۔

حوالہ گنج بخش

A Concise Descriptive Catalogue of the Arabic Manuscripts in the S J.M. & L.

الفهارس الموضحة للمخطوطات العربية المحفوظة بمتحف سالار جنگ و مکتبة الخطیة۔

Volume III : Concerning 517 Arabic Mss. of Islamic Theology (Sunni). S.J.M. & L. Hyderabad, 1978, xxxiv + 263 + xxiii + xxvi + vii + viii + xv × x + ii pp.

سُنی عقائد کے مطابق عربی کتابوں کے ۵۱۷ نسخوں کی وضاحتی فہرست مندرجہ ذیل ترتیب کے مطابق ہے :

۱۔ قرآنی علوم	شمارۂ اندراج	۳۶۶ - ۳۸۸

۲- تفسیر	"	۳۸۹ - ۳۶۷
۳- قرآنی قوانین	"	۳۶۸ - ۳۷۰
۴- فرہنگ الفاظ قرآن	"	۳۷۱ - ۳۷۲
۵- معجم الفاظ قرآن	"	۳۷۳ - ۳۷۳
۶- حدیث	"	۳۷۵ - ۳۳۸
۷- متفرقات	"	۵۳۹ - ۵۷۱
۸- اصول فقہ	"	۵۷۲ - ۶۱۸
۹- فروع فقہ	"	۶۱۹ - ۷۸۷
۱۰- عقائد و کلام	"	۷۸۸ - ۸۸۲

آخر میں آٹھ اشاریے ہیں (تفصیل کے لیے آگے جلد چہارم کا اندراج ملاحظہ ہو) ۔

حوالہ : گنج بخش

* Muhammad Ashraf, Late Haji Maulana

۱۱- Catalogue of the Arabic Manuscripts. (Cover Title). A Concise Descriptive Cataloge of the Arabic Manucripts in the Salar Jung Museum & Library.

عربی عنوان :

الفہارس الموضحة للمخطوطات العربية المحفوظة بمتحف سالار جنگ و مکتبة الخطية ؛ ۔

Volume IV : Islamic Theology (Shiite), Salar Jung Museum & Library, Publications New Series 10/4, Hyderabad, 1981/1402, 24 + 365 pp.

مسلسل شمارہ اندراج ۸۸۳ تا ۱۳۳۱ ۔

شیعہ امامیہ عقاید کے مطابق تفسیر ، حدیث ، فقہ اور عقائد پر کتابوں کے مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے۔

کتابوں کے نام عربی رسم الخط میں بھی تحریر کیے گئے ہیں ۔

آخر میں آٹھ اشاریے ہیں : ۱- معلوم اور غیر معلوم افراد ۔ ۲- کتب ۳- کاتبان ۴- بر حسب تاریخ کتابت ۵- مقامات کتابت

۶- مہروں پر کندہ نام اور کلمات ۷- مسلسل شمارہ الدراج اور مخطوطہ نمبر کی مطابقت ۸- خود نوشت" نسخے ، عمدہ خط میں نسخے لکھے گئے ، شاہی نسخے ، نایاب نخسے ، عمدہ مجلد نسخے -

حوالہ : گنج بخش

* اطہر شیر ، سید

۱۲- فہرست مخطوطات فارسی خدا بخش اورینٹنل پبلک لائبریری ، پٹنہ مسمی بہ مرآۃ العلوم (فارسی) :

جلد سوم : یونین پریس ، پٹنہ ، ۱۹۶۷ء ، ۲ + ۲۹۵ ص -

خدا بخش اورینٹنل پبلک لائبریری پٹنہ میں فارسی مخطوطات کی موضوع وار دستی فہرست ہے - مسلسل شمارۂ الدراج ۲۳۵۲ تا ۳۰۸۹ - اس جلد میں کتاب خانہ الاصلاح ، دیسنہ پٹنہ سے فراہم ہونے والی قلمی کتابیں بھی شامل ہیں ، علاوہ ازیں بعض نسخے زرتشیوں کے عقائد سے متعلق ہیں جو زیادہ تر پہلوی زبان میں ہیں -

موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے : کتب سماوی ، تاریخ عام ، تاریخ انبیاء ، تاریخ النبی ، تاریخ الائمہ ، تاریخ ہندوستان ، تذکرہ ، کتب منظومہ شعرائے متقدمین و متوسطین و متاخرین ، بیاض ، خطاطی و وصلی و نقاشی ، قصص و حکایات ، صرف و نحو ، لغات ، عروض و قوافی و صنائع و بدائع ، انشاء ، بلاغت ، اخلاق و مواعظ ، طب ، حساب و ہندسہ ، ہیئت و نجوم ، رمل و جفر ، تفسیر ، حدیث ، فقہ ، عقاید ، عقاید ہنود ، عقاید مجوس ، مناظرہ ، ادعیہ ، تصوف ، فلسفہ ، منطق ، اقلیدس ، جغرافیہ ، موسیقی ، روزنامچہ و دستورالعمل ، معمیات و امثال ، فنون متنوعہ ، عمارات و مساکن ، اسفار ، مجامیع -

اس جلد کے ساتھ بھی کوئی اشاریہ نہیں ہے -

حوالہ : گنج بخش

* اطہر شیر

۱۳- فہرست مخطوطات عربی خدا بخش اوریئنٹل پبلک لائبریری پٹنہ، مسمی بہ مفتاح الکنوز۔ (فارسی) :

انگریزی عنوان :

The Handlist of the Arabic Mss. of the Khuda Bakhsh Oriental Public Library Patna entitled Miftah-al-Kunooz.

جلد سوم : یونین پریس پٹنہ، ۱۹۶۵ء، ۲ + ۳۰۸ + ۲ ص۔

۸۶۷ عربی نسخوں (مسلسل شمارۂ اندراج ۲۹۵۳ - ۳۸۲۰) کی موضوعی فہرست ہے۔

موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے : مصاحف ، تجوید و قرآة ، تفسیر ، حدیث (اصول ، علم الاسناد ، اسماء الرجال) ، اصول فقہ ، فرائض ، عقائد ، تصوف ، مواعظ و خطبات ، ادعیہ ، صرف و نحو ، انشاء ، بلاغت ، لغت ، عروض و قوافی ، ادب ، حکمت ، منطق ، آداب البحث ، ریاضی ، ہیئت ، نجوم ، اقلیدس ، طب ، طب نبوی ، لغات الادویہ ، ضرب الامثال ، اخلاق ، تذکرہ ، تاریخ ، جغرافیہ ، سیر النبی ، مرقعات و وصلیات ، تسخیر ، فنون متنوعہ۔

حوالہ : گنج بخش

* **Athar Sher, S.**

۱۴- **Catalogue of the Arabic and Persian Manuscripts in the Khuda Bakhsh Oriental Public Library at Patna.**
Volume XXI : Arabic Manuscripts, Quranic Science.

K.B.O.P.L. Board, Patana, 1971, 8 + 104 pp.

اس جلد میں متن قرآن ، قرائت ، تجوید اور تفسیر پر عربی مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے (مسلسل شمارۂ اندراج ۲۸۵۱ تا ۲۹۶۸)۔

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے۔

حوالہ : ادارۂ تحقیقات اسلامی ، اسلام آباد

Volume XXX : Arabic Manucripts, Tradition.
K.B.O.P.L. Patna, 1970, 10 + 157 pp.

حدیث پر عربی کتابوں کے مخطوطات کی توضیحی فہرست ہے۔ مسلسل شمارۂ اندراج ۲۹۶۹ تا ۳۰۸۳ -

حدیث کے فرعی موضوعات یہ ہیں : اصول حدیث ، احادیث سنی ، احادیث شیعی ، المعجم ، تذکرۂ محدثین ، اختلافِ حدیث ، مسانید ، متفرق موضوعات پر کتب احادیث ۔

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے -

حوالہ : گنج بخش

* Allahabad University History Department

الہ آباد یونیورسٹی ، شعبہ تاریخ

۱۵- **Search for History Manucripts in Indian Libraries. Bombay, O.U.P. 1922, pp. 22. (Reprinted from the Journal of Indian History, Feb. 1922).**

حوالہ : جامعۂ پنجاب ، لاہور

*** انجمن ترقی اردو**

۱۶- فہرستِ مخطوطات انجمن ترقی اردو قبل از تقسیم (اردو) :

قلمی نسخہ مخزونہ کتب خانہ انجمن ترقی اردو ، کراچی ، شمارہ ۴ تا ۵۴ ، ۱۳۲ ص -

یہ انجمن اردو کے اُن مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے جو دہلی میں تھے۔ ان میں سے کچھ پاکستان کے قیام (۱۹۴۷ء) کے بعد یہاں آ گئے اور کچھ وہیں ضائع ہو گئے -

اس میں ۱۱۸ مخطوطاتِ اردو کی وضاحت پیش کی گئی ہے -

حوالہ : مخطوطاتِ انجمن ۳ : ۵۰ -

۱۷- فہرست مخطوطات انجمن ترقی اردو - (اردو) :

قلمی نسخہ مخزونہ کتب خانہ انجمن ترقی اردو ، کراچی ، شمارہ ۳ تا ۵۵ ، ۸۶۷ ص -

یہ ان مخطوطات کی ضخیم مشرح فہرست ہے جو قبل از تقسیم (۱۹۴۷ء) انجمن ترقی اردو دہلی کے کتب خانے میں تھے اور جن میں سے اکثر ضائع ہو گئے - یہ فہرست حروفِ تہجی کے اعتبار سے ہے -

حوالہ : مخطوطاتِ انجمن ۳ : ۵۱

* انصار اللہ نظر ، محمد

۱۸- فہرست کتاب خانۂ ذاتی نواب سید حیدر علی خان بہادر جعفری - کوالٹولی ، کانپور (اردو)

دستنویس مسودہ بخطِ مؤلف ، مخزونہ کتب خانۂ مؤلف ، جنوری ۱۹۶۳ء ، ۱۳ ص -

نواب سید حیدر علی خان کے ذاتی کتب خانہ واقع محلہ کوالٹولی کانپور میں اردو ، فارسی مطبوعات اور مخطوطات کی بلاترتیب دستی فہرست ہے -

حوالہ : انصار اللہ نظر - علی گڑھ

* وہی مصنف

۱۹- فہرست کتب خانۂ ذاتی نواب سید قیصر حسین قیصر پٹکا پوری (اردو)

دستنویس مسودہ بخط مؤلف ، مخزونہ کتب خانۂ مؤلف ، فروری ۱۹۶۳ء ، ۱۷ ص

نوابِ مذکور کے کتب خانہ واقع محلہ پٹکاپور ، کانپور میں اردو اور فارسی کی مطبوعات اور مخطوطات کی بلاترتیب دستی فہرست ہے - ۱۰ مخطوطات کا ذکر ہوا ہے -

حوالہ : انصار اللہ - علی گڑھ

* **Edward Rehatsek.** ایڈورڈ رہٹسک

Catalogue Raisonne of the Arabic, Hindostani, Persian and Turkish Mss. in the Mulla Feruz Library.

The Managing Committee of the Mulla Firuz Library, Bombay, 1873, viii+279 pp.

ملا فیروز کتب خانہ بمبئی میں عربی ، آردو ، فارسی اور ترکی زبان میں کتابوں کے مخطوطات کی مخلوط وضاحتی موضوعی فہرست ہے ۔ موضوعات کی ترتیب حسب ِ ذیل ہے : نجوم وہیئت و ہندسہ (۹۳ مخطوطات) ، لغات و قواعد (۳۳) ، انشاء (۲۱) ، تاریخ و تذکرہ و سفر نامہ و طب (۲۲) ، فلسفہ و منطق و قانون (۲۰) ، شاعری (۱۵۵) ، مذہبی کتب (۸۷) ، نثری حکایات ، اخلاق ، موسیقی (۵۷) ۔

آخر میں کتابوں کے ناموں کا عربی رسم الخط میں اشاریہ ہے ۔ اس کے بعد مصنف نے ایک ضمیمہ ملحق کیا ہے جس میں زیر ِ بحث فہرست مندرج ہونے والی کتابوں کو چھوڑ کر کتب خانے میں مندرجہ ذیل زبانوں کی کتابوں (مطبوعہ و قلمی) کی مجمل فہرست دی گئی ہے : اوستا ، پہلوی ، عربی و ہندوستانی و فارسی و ترکی ، متفرق ، گجراتی ۔

حوالہ : جامعہ کراچی

* **Asiatic Society of Bengal** ایشیاٹک سوسائٹی برائے بنگال

Author Catalogue of the Heydrabad Collection of Manuscripts and Printed Books

A.S.O.B. Calcutta, 1913, iv+62 pp.

۷۰ قلمی نسخوں سے متعلق ہے ۔

حوالہ : افشار ، ص ۵۶ ۔

* **Ivanow, Wladimir** ایوانف ، ولادیمیر

Revised and edited by M. Hidayat Hosain.

Catalogue of the Arabic Manuscripts in the Collection of the Royal Asiatic Society of Bengal.

Volume I : Royal Asiatic Society of Bengal, 1939, work No 250, xv iii + 694 pp.

رائل ایشیاٹک سوسائٹی برائے بنگال کلکتہ میں اسلامی علوم پر عربی کتابوں کے ۱۲۰۰ نسخوں کی وضاحتی موضوعی فہرست ہے۔ موضوعات کی ترتیب اس طرح ہے : متنِ قرآن ، علوم قرآنی ، سنی راویوں کی احادیث ، سیرت النبی مبنی بر احادیث ، شیعی احادیث ، نقدِ احادیث ، سنی فقہ (فروع و اصول) ، شیعی فقہ (فروع و اصول) ، زیدی فقہ (فروع و اصول) ، سنی عقائد ، شیعی عقائد ، زیدی عقائد ، متنازعہ مسائل ، سنی ادعیہ ، شیعی ادعیہ ، متفرق دعائیں ، مجموعہ ہائے رسائل (کلام و تصوف)۔

آخر میں مندرجہ ذیل اشاریے ہیں : ۱۔ کتب (یہ اشاریہ عربی رسم الخط میں ہے - ۲۔ اشخاص - ۳۔ کاتبان - ۴۔ مقامات کتابت -

فہرست کے متن میں عنوانات کتب و رسائل ، فہرست مضامین اور نسخے کی ابتدائی عبارت کا نمونہ عربی رسم الخط میں درج ہوا ہے -

حوالہ : گنج بخش

* **Ivanow Wladimir**

Concise descriptive Catalogue of the Persian manuscripts in the Collection of the Asiatic Society of Bengal.

Calcutta, Asiatic Society of Bengal, 1924, xxxvii + 929 pp.

ایشیاٹک سوسائٹی برائے بنگال کلکتہ کے کتب خانے میں موجود فارسی کتابوں کے مخطوطات کی وضاحتی موضوعی فہرست ہے۔ موضوعات کی ترتیب اس طرح ہے :

۱۔ تاریخ	مسلسل شمارۂ اندراج	۱-۲۱۱
۲۔ تذکرہ	,,	۲۱۲-۲۷۸
۳۔ جغرافیہ و سفرنامہ	,,	۲۷۹-۲۸۹
۴۔ داستان	,,	۲۹۰-۳۳۳
۵۔ نثر و انشا	,,	۳۳۴-۴۲۰

۶- شاعری	"	۳۲۱-۹۵۳
۷- اسلامیات	"	۹۰۰-۱۱۳۸
۸- تصوف	"	۱۱۳۹-۱۳۵۶
۹- علوم عقلی و نقلی	"	۱۳۵۷-۱۶۳۰
۱۰- متفرقات	"	۱۶۳۱-۱۷۱۹

۱۱- ضمیمہ اول : عربی ، ترکی ، پشتو اور ہندوستانی (اردو) مخطوطات (۱۷۲۰-۱۷۳۸) -

۱۲- ضمیمہ دوم : فارسی مخطوطات جن کا ذکر اپنی اصلی جگہ پر نہ ہو سکا۔

آخر میں دس علیحدہ علیحدہ اشاریے ہیں : اشخاص ، عنوانات کتب ، بنیادی موضوعات ، کاتبان ، مقامات کتابت ، تواریخ کتابت ، شمارۂ اندراج کتب خانہ اور زیر نظر فہرست میں شمارۂ اندراج کی مطابقت ، تصاویر والے نسخے ، فہرست تصاویر ، خوش نویسی کے لحاظ سے عمدہ نسخے -

حوالہ : گنج بخش

* Ivanow, Wladimir

۲۳- **Concise Descriptive Catalogue of the Persian manuscripts in the Curzon Callection, Asiatic Society of Bengal.**

A.S.O.B, Calcutta, 1926, xxviii + 582.

ایشیاٹک سوسائٹی برائے بنگال کلکتہ کے ذخیرۂ کرزن (Viceroy, Lord Curzon of Ked leston) میں فارسی کتابوں کے ۵۶۷ مجلد مخطوطات کی وضاحتی موضوعی فہرست ہے -

موضوعات حسب ذیل ہیں :

۱- تاریخ (مسلسل شمارہ ۱-۳۸) : عام تاریخ ، تاریخ حضرت محمدؐ وائمہ ، ایران اور ترکستان کی تاریخ ، ہندوستان کی عام تاریخ ، ہندوستان کی مقامی تاریخ -

۲- تذکرے (۳۹-۸۷) : شعراء ، صوفیہ ، امرا و خوشنویستان ۔

۳- جغرافیہ اور سفر نامے (۸۸-۱۰۰) ۔
۴- مذہبی اور اساطیری قصے (۱۰۱-۱۲۴) ۔
۵- منشآت و عروض و قافیہ (۱۲۵-۱۸۴) ۔
۶- شاعری (۱۸۵-۳۳۰) ۔
۷- اسلامیات (۳۳۱-۴۰۲) ، تراجم و تفاسیر قرآن ، تجوید ، احادیث ، عقائد ، فقہ ، مناظرہ ۔
۸- تصوف (۴۰۳-۴۸۲) ۔
۹- علوم عقلی و نقلی (۴۸۳-۶۶۲) ۔
۱۰- سنسکرت اور ہندی سے تراجم (۶۶۳-۶۹۴) ۔
۱۱- ضمیمہ (۶۹۵-۷۵۶) ۔

آخر میں دس علیحدہ علیحدہ اشاریے ہیں : اشخاص ، عنوانات کتب ، بنیادی موضوعات ، کاتبان ، مقامات کتابت ، تواریخ کتابت ، شمارۂ اندراج کتب خانہ و شمارۂ اندراج فہرست ہذا کی باہمی مطابقت ، تصاویر والے نسخے ، فہرستِ تصاویر ، خوشخط نسخے ۔

حوالہ : گنج بخش

*** Ivanow, Wladimir**

۲۵- **Concise Descriptive Catalogue of the Persian Manuscripts in the Collection of the Asiatic Society yf Bengal. First Supplement**: A.S.O.A. Calcutta, 1927. xx + 160 pp.

۱۶۴ مجلدات میں ۱۷۷ کتب پر ۱۶۸ مفصل یادداشتیں ہیں (مسلسل شمارہ ۷۵۷-۹۲۴) یہ سب کے سب فارسی مخطوطات سے متعلق ہیں اور مصنف نے اسے کرزن کلیکشن اور ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کے مستقل کتب خانے کا مشترکہ ضمیمہ قرار دیا ہے ۔

موضوعی ترتیب کے مطابق مرتب ہونے والی اس فہرست کے موضوعات حسبِ ذیل ہیں : تاریخ تذکرہ ، قصص ، انشاء و نثر ادبی ، شاعری ، اسلامی کلام ، تصوف ، علوم ادبی و طبیعی ، متفرقات ۔

آخر میں اشخاص ، کتب ، بنیادی موضوعات ، کاتبوں ، مقاماتِ

کتابت ، تاریخ کتابت ، کتب خانے اور زیر بحث فہرست میں کتاب کے شمارہ کی مطابقت ، خود نوشت نسخوں اور مصور و خوشخط نسخوں کے ناموں کے الگ الگ آٹھ اشاریے ہیں ۔

حوالہ : کتب خانہ جامعہ کراچی ، گنج بخش

Second Supplement : A.S.O.B, Calcutta, 1928, 138 pp.

۱۶۹ مجلدات میں ۲۹۶ مختلف کتب پر ۱۷۴ تشریحی تبصرہ ہے ۔ (مسلسل شمارہ ۹۲۵-۱۰۹۸) - یہ تمام فارسی مخطوطات ہیں اور ان کا تعلق ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کے کتب خانے کے مختلف ذخائر سے ہے ۔ فہرست بلحاظ موضوع مرتب ہوئی ہے اور موضوعات کی ترتیب اس طرح ہے : تاریخ ، تذکرہ ، سفر نامہ ، قصص ، انشاء و نثر ادبی ، عروض و قافیہ ، نظم ، اسلامی عقائد ، تصوف ، علوم ادبی و طبیعی ، متفرقات ۔ آخر میں وہی آٹھ اشاریے ہیں جو پہلے ضمیمے کے ساتھ ہیں ۔

حوالہ : جامعہ کراچی ، گنج بخش

* Brelvi, S. A (بریلوی ، ایس - اے) and B. N Dhabhar (دھابر ، بی این)

۲۹- **Supplementary Catalogne of Arabic, Hindustani, Persian and Turkish Manuscripts and Descriptive Catalogue of the Avesta, Pahalavi- Pazund and Persian Mss. in the Mulla Firoz Library, Bombay.**

Bambay, 1917, pp. IX + C + XLIV, XIV + 78.

حوالہ : افشار ص ۵۷

* مصنف نامعلوم

۲۷- **Authors Catalogue of printed and lithographed books and some manuscripts of the Mulla Feroze Library.**
Bombay, 1928, pp. IV + 184.

حوالہ : افشار ص ۵۶

* G. R Bhat   بھٹ ، جی ، آر

Handlist of Arabic & Persian Mss. in Research Library under the Supervision of Director Centre of Central Asian Studies, University of Kashmir ۲۸- (اُردو)

سائیکلو سٹائل کاپی ؟ تیار کردہ وہی سنٹر ، ۱۹۸۲ء ، ۹۹ ص -

یونیورسٹی برائے کشمیر سری‌نگر میں موجود عربی اور فارسی زبانوں کی کتابوں کے ۲۳۶۶ نسخوں کی دستی فہرست جس میں کتاب کا نام ، مصنف کا نام اور موضوع کا ذکر ہوا ہے -

صرف ٹائیٹل انگریزی زبان میں ہے ورنہ اندراجات اُردو رسم الخط ہی میں ہیں -

حوالہ : نظامی ، علی گڑھ

* Compiled by : Dr. A. R. Bedar   بیدار ، عابد رضا

Assisted by : S. Athar Shere, Dr. M. Atiqur Rahman. Shafi-ur-Rahman, Mahboob Husain. ۲۹-

Catalogue of the Arabic and Persian Manuscripts in the Khuda Bakhsh Oriental Public Library.

Volume XXXIV : (Arabic Mss.) Jurisprudence and Law of Inheritance. K. B. O. P. L, Patna, 1980, viii+194+2 pp.

فقہ اور قانون وراثت (فرائض) پر عربی کتابوں کے قلمی نسخوں کی فہرست ہے - مسلسل شمارۂ اندراج ۳۰۸۳ تا ۳۲۵۷ -

آخر میں مصنفین اور کتابوں کے ناموں کا انگریزی رسم الخط میں الگ الگ اشاریہ ہے - اسماء الکتب کا عربی رسم الخط میں علیحدہ اشاریہ بھی موجود ہے -

حوالہ : گنج بخش

* بیدار ، عابد رضا (مدیر)

۳۰۔ خدا بخش لائبریری جرنل ۔ پٹنہ ۔ (اردو)

مشترکہ شمارہ ۲۹ ، ۳۰ ، ۳۱ ۔

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری ، پٹنہ ، ۱۹۸۴ء ، چودہ + ۱۵۸ + ۹۳ + ۲۰ + ۱۳ + ۶۲ ص ۔

۱۹۸۳ء میں خدا بخش لائبریری پٹنہ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے مخطوطات طب سمینار میں پیش کیے جانے والے مقالات کا مجموعہ ہے ۔ فہرست مضامین اس طرح ہے :

۱۔ خدا بخش لائبریری کے اہم اور نادر طبی مخطوطات ۔ سید شاہ محمد اسمعیل ۔

۲۔ علی گڑھ کے نادر طبی مخطوطات ۔ حکیم سید ظل الرحمان ۔

۳۔ ذخیرۂ برکاتی پاکستان کے دو نادر طبی مخطوطے ۔ حکیم محمود احمد برکاتی ۔

۴۔ نیشنل میوزیم پاکستان میں طب کے دو نادر مخطوطے ۔ پروفیسر قمر آستان خان ۔

۵۔ ہندوستان کے کتاب خانوں میں مخطوطات طب ۔ ادارہ ۔ اس مضمون میں فارسی اور عربی مخطوطات کا ذکر ہے اور آخر میں اشاریۂ مصنفین دیا گیا ہے ۔

۶۔ پاکستان کے کتاب خانوں میں غیر مطبوعہ طبی مخطوطات ۔ احمد منزوی ۔

۷۔ پاکستان کے کتاب خانوں اور ذاتی ذخیروں میں اہم طبی نوادر ۔ حکیم محمود احمد برکاتی ۔

انگریزی حصے میں مقالات کا تعلق مخطوطات سے نہیں ہے ۔

حوالہ : اوشاہیہ

۳۱۔ خدا بخش لائبریری جرنل ۔ پٹنہ (اردو)

شمارہ ۳۵

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری ، پٹنہ ، ۱۹۸۸ء ، ۷۳ + ۲۲۸ ص ۔

مذکورہ بالا طبی سمینار میں پڑھے گئے مقالات اس شمارے میں شامل کیے گئے ہیں ۔ فہرست مقالات حسب ذیل ہے :

علی گڑھ کے نادر طبی مخطوطات :

مقالہ	مقالہ نگار
اجمل خاں طبیہ کالج لائبریری : عربی و فارسی طبی ذخیرے کے نوادر	حکیم سید ظل الرحمٰن
ذخیرہ حکیم سید ظل الرحمٰن : عربی و فارسی طبی نوادر	,,
ذخیرہ نواب رحمت اللہ خاں شیروانی : عربی و فارسی طبی نوادر	,,

اہم مخطوطات طب :

مقالہ	مقالہ نگار
محمد بن زکریا رازی کی کتاب المفاخر	حکیم محمد زمان حسینی
مسائل حنین ابن اسحاق	حکیم صیانت اللہ
رسالہ فی المعالجات لابن بیطار	حکیم اسرار الحق
الکناش المنصوری	حکیم محمد اشرف کریم
فروق الامراض	,,
کتاب المنصوری اور الاسباب و العلامات	حکیم سید علی حیدر جعفری
فصول فیض اللہ خانی	حکیم حسین خاں شفا
رسالہ ارسطاطالیس — ایک تعارف	حکیم وسیم احمد اعظمی
تعریم الدفن : جالینوس کا ایک نادر مخطوطہ	حکیم سید محمد شجاع الدین حسین ہمدانی
نجیب الدین سمرقندی کے مخطوطات	جناب سید محمد احمد
ادویہ تریاقیہ پر ایک نادر مخطوطہ	حکیم علیم الدین بلخی
امان اللہ خاں فیروز جنگ کی طبی تالیفات	جناب سید ریاض علی پرواز
مجموع ضیائی	جناب عبدالحی فاروق
کتاب المشجر	حکیم خالد جاوید شمسی

حکیم علوی خاں کی تالیفات کا تحقیقی جائزہ	جناب نظام الدین احمد کاظمی
اختیارات قطب شاہی	حکیم شفقت اعظمی
تلخیص الطب: بارھویں صدی کا ایک اہم مخطوطہ	حکیم عبدالنور بیگ
معالجات بقراطیہ	ڈاکٹر سکندر حسین

کتاب التصریف:

فن جراحت پر ایک معرکہ آرا تصنیف	ڈاکٹر احمد عبدالحی

مختلف کتاب خانوں اور ذاتی ذخیروں میں محفوظ اہم طبی مخطوطات:

صیانت اللہ کلکشن کے اہم مخطوطات	حکیم صیانت اللہ
دارالعلوم دیوبند کے اہم طبی مخطوطات کا تعارف	حکیم سید ایوب علی، ڈاکٹر نعیم احمد خاں، حکیم سید ظل الرحمٰن
کتب خانہ دارالعلوم دیوبند کے اہم طبی مخطوطات	جناب محمد ظفیرالدین
کتب خانہ ناصریہ لکھنؤ کے چند اہم طبی مخطوطات	ڈاکٹر کاظم علی خان
جلالی کلیکشن کے چند نادر طبی مخطوطات	پروفیسر حکیم سید محمد کمال الدین حسین ہمدانی
آصفیہ کے مخطوطات	جناب میر کرامت علی
ٹونک کے چند مخطوطات کا تعارف	جناب قاضی الاسلام
ذخیرہ ٹونک کے چند طبی مخطوطات	جناب منظور الحسن برکاتی
ٹونک کے طبی نوادر	حکیم محمد عمران خان
ٹونک کے کچھ مخطوطات	جناب محمود فیاض
مدراس کے کچھ اہم مخطوطات علم طب میں	ڈاکٹر سید وحید اشرف

دارالعلوم ندوۃ العلماء کے طبی مخطوطات	جناب رئیس نعمانی
سالار جنگ میوزیم : نادر طبی مخطوطات	حکیم سید خورشید علی
مولانا آزاد لائبریری میں علم طب پر چند نادر مخطوطات	جناب محمود حسن قیصر
نیشنل بوٹانیکل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ لکھنؤ میں اہم طبی مخطوطات	حکیم محمد حسان نگرامی
طبی مخطوطات مخزونہ خانقاہ ابوالخیر	ڈاکٹر تنویر احمد علوی
ذخیرۂ سہسرام	حکیم انیس الزمان
" "	حکیم محمد ابراہیم خان سعیدی
اورینٹل لائبریری حیدر آباد میں اہم طبی عربی مخطوطات	ڈاکٹر معین الدین اعظمی
مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ کے طبی مخطوطات	پروفیسر محمد حسن رضوی
ہمدرد انسٹی ٹیوٹ کے چند اہم طبی مخطوطات	جناب اے۔ حبیب خان
طبیہ کالج دہلی کے اہم طبی مخطوطات	ڈاکٹر ملک محمد ادریس خان ، جناب محمد فیاض

حوالہ : نوشاہیہ

* **Bedar, Abid Raza**

Catalogue of Persian and Arabic Mss. of Salat Public Library.

فہرست مخطوطات فارسی و عربی صولت پبلک لائبریری رام پور

صولت پبلک لائبریری ، رام پور ، بتعاون وزارتِ معارف ، حکومتِ ہند دہلی ، ۱۹۶۶ء ، 12+261+xviii+24 ص ۔

صولت پبلک لائبریری رام پور میں فارسی کتب کے ۳۵۱ نسخوں اور عربی کتب کے ۴۰۱ نسخوں کی دستی فہرست ہے ۔

فارسی کتب کے موضوعات یہ ہیں : تاریخِ ہند و ایران ، سفر نامہ ، تذکرہ ، منظومات ، شرح منظومات ، انشا و شرح انشاء ، قصص و شرح قصص ، لغت ، قواعد ، طب ، تجوید و قرائت ، تفسیر ، اوراد و اعمال ،

فقہ ، اخلاق ، تصوف ، متفرقات ، حدیث ، ہندویات ، کیمیا ، حکمت ، منطق ، قیافہ ، ہندسہ ، حساب ، موسیقی ، ہیئت ، تقویم ، نجوم ، رمل ، فالنامہ ، دائرۃ المعارف ۔

عربی کتب کے موضوعات کی ترتیب اس طرح ہے : قرآن ، تجوید ، الناسخ و المنسوخ ، رسم الخط قرآن ، حدیث ، اعمال و اوراد ، فقہ ، عقائد ، تصوف ، تاریخ و تذکرہ ، منطق و فلسفہ ، طب ، قواعد ، لغت ، نظم ۔

فہرست انگریزی زبان میں تیار کی گئی ہے مگر آخر میں انگریزی رسم الخط کے علاوہ اردو رسم الخط میں بھی فارسی اور عربی کتب کے اسماء اور مصنفین کے الگ الگ اشاریے ہیں ۔ علاوہ ازیں صولت پبلک لائبریری میں اردو ، پشتو اور ہندی مخطوطات کے اسماء بھی بطور ضمیمہ درج کر دیے گئے ہیں ۔

حوالہ : مشفق خواجہ ، کراچی

* جعفری ، محمد المہدی

۳۳۔ فہرست کتب قلمی عربی ، فارسی ، اردو نذیریہ پبلک لائبریری
دہلی ، ۱۳۶۰ھ ۔
حوالہ : باقر ، ص ۳۵

* **Jalaluddin** **جلال الدین**

۳۴۔ **An Alphabetical Index of Persian, Arabic and Urdu Manuscripts in the State Archives of Uttar Pardesh. State Archives of Uttar Pardesh, Allahabad. 1968, vii + 25 + iv pp.**

سٹیٹ آرکائیوز اتر پردیش الہ آباد نے ۱۹۵۱ء - ۱۹۶۸ء کے دوران میں جو فارسی ، عربی اور اردو مخطوطات جمع کیے ان کی زبان وار الفبائی ترتیب کے مطابق دستی فہرست ہے ۔ نسخوں کی تعداد واضح نہیں کی گئی ۔ میری گنتی کے مطابق فارسی کے ۴۹۲ نسخے ، عربی کے ۸۳

نسخے اور اُردو کے ۳۷ نسخے متعارف ہوئے ہیں - ہر نسخے کے مصنف کا نام ، کاتب کا نام ، تاریخ کتابت اور موضوع لکھا گیا ہے -

آخر میں اسمائے مصنفین کا اشاریہ ہے -

حوالہ : گنج بخش

* **Jamshed Cawasji Katrak** جمشید کاؤس جی کترک

۳۵- **Oriental Treasures being codensed: Tabular Descriptive Statement of over a thousand Manuscripts and of their Colophones written in Iranian & Indian Languages and lying in Private Libraries of Parsis in different Centres of Gujrat. Together with Minute classified contents and introduction, detailed Historical, Biographical & [Literary Appendices; Critical and Philogical Notes: Exhaustive Indexes; Bibliography etc.**

Bombay, 1941, pp. xxii + 295.

صوبہ گجرات میں مقیم پارسیوں کے ذاتی کتب خانوں میں موجود اوستا ، پہلوی ، پازند ، فارسی ، گجراتی ، سنسکرت ، عربی ، ہندوستانی (اردو) اور ہندی زبانوں کے ۸۲۹ مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے - ہر کتب خانے کے قلمی نسخوں کا علیحدہ علیحدہ ذکر ہوا ہے -

آخر میں کتابوں کی زبانوں ، کاتبوں ، مصنفوں ، مالکوں اور سرپرستوں کے ناموں کا الگ الگ اشاریہ ہے -

حوالہ : جامعہ پنجاب ، لاہور

* **Jwabid Iqbal** جوابد ؟ اقبال

۳۶- **Manuscripts in Arabic Persian and Urdu: A Descriptive Catalogue, Illustrated.**
Victoria Memorial, Calcutta, 1973, 51 pp.

یہ فہرست میری نظر سے نہیں گزری -

حوالہ : معین الدین عقیل ، کراچی

* جواہر کلام ، عبدالعزیز

۳۷- باز دید کتاب خانہ‌های ہندوستان (فارسی) :

طہران ، ۱۳۲۶ ش ، ۲۰ ص -

کتب خانہ ناصریہ ، کتب خانہ ممتازالعلماء (لکھنو) ، کتب خانہ مدرسۃ الواعظین (لکھنؤ) ، کتب خانہ سلطان احمد ارس (لکھنؤ) ، کتب خانہ ریاست رام پور ، کتب خانہ آصفیہ (حید آباد) ، کتب خانہ خدا بخش (پٹنہ) ، کتب خانہ مرشد آباد اور کتب خانہ حبیب گنج (علی گڑھ) کے بعض اہم مخطوطات کے اجمالی تعارف پر مشتمل ہے -

حوالہ : افشار ، ص ۶۱

* C. H. Shaikh چاند حسین ، شیخ

۳۸- A descriptive handlist of Arabic, Persian and Hindustani Mss. Belonging to the Satara Historical Mueseum at Present Lodged at the Deccan College Research Institute, Poona.

Bulletin of the Deccan College Research Institute, Vol. IV, No. 3, 17 pp.

دکن کالج ریسرچ انسٹی ٹیوٹ پونہ میں واقع ستارا تاریخی عجائب گھر کے عربی ، فارسی اور اردو مخطوطات کی مجمل فہرست ہے -

حوالہ : مشفق خواجہ ، کراچی

* Chhotubhai Ranchhodji Naik

۳۹- Descriptive catalogue of Arrabic and Persian Manuscripts (Gajrat Vidya Sabha Collection.)

Gujarat Vidya Sabha, Ahmedabad.
Part I. 1964, 391, pp.

گجرات ودیا سبھا کلیکشن احمد آباد میں عربی اور فارسی مخطوطات

کی فہرست کتب خانے میں اُن کے شمارۂ اندراج کی ترتیب سے مختصر فہرست ہے۔

۱۔ گجرات ودھیا سبھا کلیکشن ، ۲۲۳ نسخے

۲۔ آپا راو بھولا ناتھ (Āpārāo Bholānāth) کلیکشن ، ۲۷ نسخے۔

آخر میں اشاریہ نہیں ہے۔

حوالہ : آزاد لائبریری ، علی گڑھ

* حامداللہ ندوی

۴۰۔ کتب خانہ جامع مسجد بمبئی میں اُردو مخطوطات ۔ (اُردو) :
انگریزی عنوان :

A Catalouge of Urdu Manuscripts in the Jamai Masjid Library, Bombay.

انجمن اسلام اُردو ، ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ، بمبئی ، ۱۹۵۶ء ، ۱۳۰ ص ۔

کتب خانہ جامع مسجد بمبئی (قیام ۱۹۰۳ء) میں ۵۷ اُردو مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے جسے موضوعی ترتیب کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔

موضوعات حسب ذیل ہیں :

نثر : تجوید ، تفسیر ، حدیث ، فقہ ، مناظرہ اسوۂ حسنہ ، تعلیم و تربیت ، تصوف ، افسانے ۔

نظم : مذہبی مثنویاں ، رزمیہ ، بزمیہ ، دیوان و بیاض ۔

حوالہ : مشفق خواجہ ، کراچی

* Hasan, S. M. حسن ایس ۔ ایم

۴۱۔ A Catalogue of the Persian Manuscripts of Sir Jadunath Sarkar collection National Library, Calcutta.

National Library. Calcutta, 1966, pp. 62 سائیکلوسٹائل کاپی

سر جادو ناتھ سرکار ممتاز ہندوستانی مورخ (۱۸۷۰ - ۱۹۵۸ء) کے ذخیرۂ کتب واقع نیشنل لائبریری کلکتہ کے ۲۰۶ فارسی مخطوطات کا

انگریزی حروفِ تہجی کے اعتبار سے مختصر کیٹلاگ ہے۔

آخر میں مصنفین اور موضوعات کا الگ الگ اشاریہ درج ہوا ہے۔

حوالہ : آزاد ، علی گڑھ

حکم چند نیر

۳۳۔ نوادرِ بنارس ۔ (اردو) :

مقالہ مشمول سہ ماہی ''اردو ادب''، انجمن ترقی اردو (ہند)، علی گڑھ۔

پہلی قسط : ۱۹۶۶ء، شمارہ ۲، ص ۵۷ - ۷۳۔

دوسری قسط : ۱۹۶۶ء، شمارہ ۳، ص ۱۶۹ - ۲۱۵۔

لالہ سری رام دہلوی مؤلف خمخانۂ جاوید کے ۱۵۶ اردو (پہلی قسط)، ۹۷۵ فارسی اور ۵۵ عربی (دوسری قسط) کی موضوعی دستی فہرست ہے۔ یہ مخطوطات بنارس ہندو یونیورسٹی کی سنٹرل لائبریری میں محفوظ ہیں۔

حوالہ : انصاراللہ ، علی گڑھ

* حمیداللہ ہشینوی ، صاحبزادہ

۳۴۔ ہندوستان میں مخطوطات مع دو ضمیمہ جات ۔ (اردو) :

بلوچستان بک ڈپو ، کوئٹہ ، ۱۳۹۵ھ/۱۹۷۵ء ، ۱۹۱ ص۔

ماہنامہ ''معارف'' اعظم گڑھ (بھارت) میں ہندوستان کے بعض کتب خانوں کے خاص اور اخص الخاص قلمی نسخوں کے بارے میں مضامین چھپتے رہے ہیں۔ مرتب نے وہاں سے مندرجہ ذیل عنوانات کے ساتھ بھارتی کتب خانوں کے نادر مخطوطات کا تذکرہ کیا ہے :

۱۔ سعیدیہ لائبریری ٹونک : (معارف ، ستمبر ۱۹۶۵ء)

۲۔ کتب خانہ عرفانیہ (ٹونک) کے نادر مخطوطات : (معارف ، نومبر ۱۹۶۸ء)۔

۳- دارالمصنفین اعظم گڑھ میں نوادرات (معارف ، نومبر ۱۹۶۸ء)۔
۴- ضمیمہ اول (مشی گن یونیوسٹی امریکہ کے مخطوطات)۔
۵- ذخیرہ ہادی بلگرامی کے چند مخطوطات (معارف ، فروری ۱۹۶۵ء) ۔
۶- ضمیمہ دوم ۔ لاہور کی نمائش مخطوطات ۔ فروری ۱۹۷۴ء میں اسلامی سربراہی کانفرنس منعقدہ لاہور کے موقع پر عجائب گھر لاہور میں پاکستانی کتب خانوں سے لائے گئے مخطوطات نمائش کے لیے رکھے گئے تھے ۔ یہ ضمیمہ ان مخطوطات کے بارے میں ہے ۔

مذکورہ بالا تمام مقالات میں عربی ، فارسی ، ترکی کتب کا تذکرہ ہوا ہے ۔

حوالہ : گنج بخش

* خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری ، پٹنہ

۳۳- خدا بخش لائبریری نے فروری ۱۹۸۵ء میں مخطوطات تصوف کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد کروایا ۔ اس موقع پر مختلف بھارتی کتب خانوں میں موجود تصوف پر قلمی نسخوں کی ایک مشترکہ (Union) فہرست شائع کی گئی ۔ مگر اس فہرست پر ایسا کوئی سر ورق موجود نہیں ہے جس پر مرتب ، کتاب اور ناشر کا نام لکھا ہو ۔

الفبائی ترتیب کے مطابق ۲۷۶۳ فارسی مخطوطات اور ۹۲۲ عربی مخطوطات کے نام مع اسم مصنف و کتب خانہ درج ہوئے ہیں ۔ یہ ۱۳۳ صفحات پر مشتمل ہے ۔

اس دستی فہرست کی تدوین میں دقت نظر سے کام نہیں لیا گیا اور غیر متعلقہ موضوعات پر مخطوطات بھی شامل ہو گئے ہیں ۔

ایسی ہی ایک اور فہرست میری نظر سے گزری ہے اس کا عنوان ''ہندوستان کے کتاب خانوں میں اردو مخطوطات'' ہے ۔ مرتب کا نام موجود نہیں ۔ حروف تہجی کے اعتبار سے مخطوطات کا اندراج ہوا ہے اور

مصنف و کتب خانے کا نام لکھا ہے ۔ میری نظر سے گزرنے والا مسودہ اس غیر مطبوعہ نسخے کا عکس تھا جو طباعت کے لیے تیار کیا گیا تھا ۔ یہ مسودہ ۱۵۰ صفحات کا تھا اور ہنوز نامکمل تھا ۔ آخری اندراج ''محبوب القلوب'' کا تھا ۔

حوالہ : انصاراللہ

* دانش پژوہ ، محمد تقی

۴۴۔ مداومت در اصول موسیقی ایران ، نمونه‌ای از فهرست آثار دانش مندان ایرانی و اسلامی در غناء موسیقی ۔ (فارسی) :
اداره کل نگارش فرہنگ و ہنر ، بمناسبت جشن فرہنگ و ہنر ، آبانماه ۲۵۳۵ شاہنشاہی / ۱۹۷۶ء ، ۳ + ۲۳۸ ص ۔

عرب اور ایرانی موسیقاروں کے حالات اور موسیقی و سماع ، ہندی موسیقی اور ایرانی موسیقی پر لکھی جانے والی عربی اور فارسی کتابوں کی مفصل فہرست ہے ۔ اس میں ہندوستانی کتب خانوں سے متعلق مخطوطات بھی شامل کیے گئے ہیں ۔

حوالہ : نوشاہیہ

* Dhabhar, Ervad Bamanji Nasarnanji
دھابر ، بمن جی نسرلن جی

۴۵۔ A Catalogue of the Manuscripts in the K. R. Cama Oriental Institute, Bombay.
Bombay, 1917.

حوالہ : افشار ، ص ۵۷

* وہی مصنف

۴۶۔ Descriptive catalogue of all manuscripts in the First Dastur Mehrji Rana Library, Bombay.
Bombay 1923.

حوالہ : افشار ، ص ۵۷

* رام پرتاب سہائی الہ آبادی

۴۸۔ فہرست کتاب خانہ منشی رام دیال ۔ (فارسی) :

سال تصنیف ۱۸۸۳ بکرمی (۱۸۱۷ء) و ۱۸۷۷ب (۱۸۲۰ء) ۔

قلمی نسخہ مخزونہ برٹش میوزیم لندن ، شمارہ Add 25864 ،

۳۷ ورق ۔

رام دیال کے کتب خانہ میں فارسی ، عربی اور ہندی مخطوطات کی فہرست ہے ۔

آغاز : ہرآنکسی کہ بتعداد کتب الہی و شیرازہ بندی نعت ۔

حوالہ : فہرست نسخہای خطی فارسی ۲ : ۳۰۷۸ ،

ریو ۲ : ۷۷۷

* Qasim Hasir Radavi & Abd-ul-Muqtadir

۴۹۔ Catalogue of the Persian Manuscripts in the Buhar Library.

Calcutta, Imperial Library, Vol. I, 1921, pp. ix+282.

بوہار لائبریری کلکتہ میں فارسی کتب کے ۴۸۵ مخطوطات کی توضیحی فہرست ہے آخر میں موضوعات (تاریخ ، تذکرہ ، عقائد ، مذہبیات ، فنون و علوم ، لغات ، شاعری ، داستانیں ، مجامیع) کا الگ اور کتب کے عنوانات اور مصنفین کا مخلوط اشاریہ موجود ہے ۔

حوالہ : آزاد ، علی گڑھ

* Rizvi, Dr. Athar Abbas رضوی ، ڈاکٹر اطہر عباس

۵۰۔ Revised and Edited by : Dr. Mukhtar-ud-Din Ahmad

catalogue of the Persian Manuscripts in the Maulana Azad Library Aligarh Muslim University, Aligarh.

Aligarh Muslim University, Aligarh, Publication Series No. 1, 1969, xvii+226+4 pp.

مولانا آزاد لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں فارسی کتب کے

۲۰۳ مخطوطات کی متوسط موضوعی فہرست ہے - فہرست نویس نے متعارفہ کتابوں کی دنیا کے بعض دیگر کتب خانوں میں نسخوں کی بھی نشان دہی کی ہے -

نسخے مندرجہ ذیل موضوعات کے تحت متعارف ہوئے ہیں :

۱- تاریخ : اس کے ذیلی موضوعات یہ ہیں : عام ، قبل از اسلام ، سلجوق ، منگول ، تیموری ، صفوی ، نادر شاہ ، زند ، کردستان ، افغانستان ، عرب ، یورپ ، چین ، ہند کی تاریخ ، عام ، سلاطین دہلی ، افغان ، تیموری ، سندھ ، پنجاب ، کشمیر ، راجپوتانہ ، جے پور ، آگرہ ، فرخ آباد ، روہیلہ ، جونپور ، گورکھ پور ، اودھ ، بنگال اور اڑیسہ ، بھوپال ، دکن ، متفرق -

۲- تذکرہ : وزراء ، امراء ، نوابین ، اولیاء ، صوفیا ، شعراء ، نثر نگار ، انساب ، فلاسفہ ، شیعیان ، مذہبی تحریکیں -

۳- جغرافیہ ، عجائب و غرائب ، ہیئت -

۴- سفر نامہ -

اس کے بعد مندرجہ ذیل اشاریے ملحق کیے گئے ہیں :

۱- اسمائے کتب - ۲- اسمائے مصنفین - ۳- اسمائے کاتبان - یہ تینوں اشاریے اردو رسم الخط میں ہیں - ۴- شمارہ ہائے مخطوطات اپنے ذخیرے کے حوالے سے - اس اشاریے کے مطابق زیر بحث فہرست میں یونیورسٹی کلیکشن ، ذخیرۂ سبحان اللہ ، ذخیرۂ عبدالسبحان ، ذخیرۂ عبدالسلام ، ذخیرۂ شیفتہ ، ذخیرۂ سلیمان ، ذخیرۂ احسان ، ذخیرۂ منیر عالم اور ذخیرۂ قطب الدین کے منتخب مخطوطات شامل کیے گئے ہیں - ۵- ۱۲۰۰ھ سے ماقبل کتابت ہونے مخطوطات کا حوالہ تاریخ کتابت کی ترتیب کے ساتھ -

حوالہ : گنج بخش ، نوشاہیہ

* **Ross, E. D.** راس ، ای ، ڈی

۵۱- **Report on the search for Arabic and Persian Manuscripts**

Journal and Proceedings of the Asiatic Society of Bengal.

Lucknow, Tom. II, 1906, pp. XXII—XXV. Tom IV, Hyderabad, 1908, pp. XXII—XXIV.

حوالہ : افشار ، ص ٦٠

* رضوی محمد حسین - دیکھیے : قیصر امروہوی ، محمود حسن

* رضیہ اکبر

۵۲- فہرست مخطوطات کتاب خانۂ عثمانیہ ، حیدر آباد آندھرا پردیش (فارسی)

سلسلۂ مقالات مشمولہ رسالہ "وحید" تہران -

دورہ ١١ ش ٤ - ٥ (١٣٥٢ ش) ص ٤٤٤ - ٤٦٤ و ٥٦٢ - ٥٦٣ و دورہ ١٢ ش ٦ - ٩ و ١١ - ١٢ (١٣٥٣ ش) ص ٥٠٦ و ٥٩٣ و ٦٨٢ و ٧٦٨ و ٩٣٢ و دورہ ١٣ ش (١٣٥٤ ش) ص ٦٣ - ٦٧ -

حوالہ : تسبیحی ص ٢٩٦ -

* **Raghubir Sinh** رگھوبیر سنھہ

۵۳- **A Hand-list of Important Historical Manuscripts in the Raghubir Library, Sitamau.**

Raghubir Library, Sitamau (Malwa), 1949, pp. xiii+64

تاریخ پر فارسی (مسلسل شمارہ ۱ - ۴۹) ، ہندی (شمارہ ۵۰ - ۵۷) سنسکرت (شمارہ ۵۸) ، مراٹھی (شمارہ ۵۹ - ۶۳) اور انگریزی (شمارہ ۶۴) مخطوطات کی مختصر فہرست ہے -

حوالہ : نظامی ، علی گڑھ

۳۵- زور ، سید محی الدین قادری

ادارۂ ادبیات اردو ، حیدر آباد دکن (قیام ۱۳۴۹ھ/۱۹۳۱ء) میں موجود مخطوطات کی پانچ جلدوں میں وضاحتی فہرست ہے - اس کے بعض اجزا رسالہ "سب رس" حیدر آباد میں ۱۹۴۳ء کے اوائل میں شائع ہوئے تھے -

زیر نظر پانچ جلدوں میں کسی خاص ترتیب کو ملحوظ نہیں رکھا گیا - ان تمام جلدوں میں مجموعی طور پر مندرجہ ذیل موضوعات کے مخطوطات متعارف ہوئے ہیں : علوم قرآنی ، حدیث ، تفسیر ، فقہ ، عقائد ، فرائض ، تصوف ، ادعیہ ، پند و اصلاح ، تبلیغ و مناظرہ ، تاریخ و سیر و مناقب ، نظم ، منظوم قصے ، نثری قصے ، لغت و قواعد ، عروض ، انشاء ، علوم و فنون ، سائنس ، ریاضی ، نجوم ، طب -

پانچوں جلدوں کی تفصیل حسب ذیل ہے :

۵۵- تذکرۂ اردو مخطوطات :

جلد اول ، ادارۂ ادبیات اردو ، حیدر آباد دکن ، سلسلۂ مطبوعات ۱۱۳ ، ۱۳٦۲ھ/۱۹۴۳ء ، ۳۹٦ ص -

۱۷۵ مخطوطات کا تذکرہ ہے - ابتدا میں مخطوطات کی فہرست بلحاظ موضوع اور آخر میں بلحاظ زمانۂ تصنیف درج ہوئی ہے - اس کے علاوہ اشخاص ، کتب اور مقامات کے قلموں کا مشترکہ اشاریہ بھی دیا گیا ہے -

حوالہ : مشفق خواجہ ، کراچی

تذکرۂ مخطوطات **Tazkirah-e-Makhtutat**

جلد دوم ، ترقی اردو بیورو ، نئی دہلی ، ۱۹۸۳ء ، ۲۲۸ ص -

۳۸ عربی ، ۲۵۰ فارسی ، ۲۵۱ اردو اور ۵ ہندی مخطوطات کی فہرست ہے - ابتدا میں مخطوطات کی بلحاظ زبان فہرست ہے اور آخر میں

افراد ، کتب اور مقامات کے ناموں کا مشترکہ اشاریہ موجود ہے ۔

حوالہ : نوشاہیہ*

۵۶۔ تذکرۂ مخطوطات Tazkirah-e-Makhtutat

جلد سوم ، ادارۂ ادبیات اُردو ، حیدر آباد دکن ، سلسلۂ مطبوعات ۲۳۰ ، ۱۳۷۶ھ/۱۹۵۷ء ، ۳۸۳ - ۸ ص ۔

دو سو قلمی کتابوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے ۔ (مسلسل شمارہ ۵۰۱ - ۷۰۰) ۔

ابتداء میں تین جلدوں میں مذکور اُردو ، فارسی ، عربی اور ہندی مخطوطات کی اجمالی فہرست اور زیرِ بحث جلد کے مخطوطات کی بلحاظ موضوع فہرست ہے ۔ آخر میں اشخاص ، اماکن اور کتب کے ناموں کا مشترکہ اشاریہ ہے ۔

۵۷۔ تذکرۂ مخطوطات Tazkirah-e-Makhtutat

جلد چہارم ، ادارۂ ادبیات اُردو ، حیدر آباد دکن ، سلسلۂ مطبوعات ۲۵۷ ، ۱۳۷۸ھ/۱۹۵۸ء ، ۲۹۱ ص ۔

دو سو مخطوطات کا تفصیلی تذکرہ ہے (شمارہ ۷۰۱ - ۹۰۰) ۔ ابتدا میں چاروں جلدوں میں مذکور اُردو ، فارسی ، عربی ، ہندی مخطوطات کی اجمالی فہرست ۔ زیرِ بحث جلد میں مندرج ہونے والے مخطوطات کی بلحاظ موضوع فہرست اور آخر میں رجال ، اماکن اور کتب کے ناموں کا مشترکہ اشاریہ ہے ۔

۵۸۔ تذکرۂ مخطوطات Tazkirah-e-Makhtutat

جلد پنجم ، ادارۂ ادبیات اُردو ، حیدر آباد ، سلسلۂ مطبوعات ۲۶۳ ، ۱۳۷۹ھ/۱۹۵۹ء ، ۳۳۰ + ۶ ص ۔

---

* اس فہرست کی پانچوں جلدیں ترقی اُردو بیورو نئی دہلی کی طرف سے دوبارہ آفسٹ شائع ہوئی ہیں اور میرے پاس یہ ایڈیشن موجود ہے ۔
ع ۔ ن ۔

دو سو پچاس مخطوطات کا تذکرہ ہے ۔ (مسلسل شمارۂ اندراج ۹۰۱ ۔ ۱۱۵۰) ۔ ابتداء میں پانچوں جلدوں میں مذکور اُردو ، فارسی ، عربی اور ہندی زبانوں کی کتابوں کے ناموں کی اجمالی فہرست دی گئی ہے ۔ اس کے بعد زیرِ بحث جلدوں میں متعارف ہونے والی کتابوں کے موضوعات کا اشاریہ ہے اور آخر میں اشخاص ، مقامات اور کتب کے ناموں کا مشترکہ اشاریہ دیا گیا ہے ۔

حوالہ : مشفق خواجہ ، کراچی

* زور ، سید محی الدین

۹۵۔ تذکرۂ نوادر ایوانِ اُردو (اُردو)

انگریزی عنوان :

Tazkira-E-Navadir Aiwan-e-Urdu

جلد اول : ادارۂ ادبیات اُردو ، حیدر آباد دکن ، سلسلۂ مطبوعات ۲۷۳ ، ۱۹۶۰ء ، ۲۰۸ ص ۔

ادارۂ ادبیات اُردو کی عمارت ایوانِ اُردو میں اُردو زبان ، دکن کی تاریخ اور اُردو بولنے والوں کی سماجی و معاشی زندگی سے متعلق جو نوادر محفوظ کیے گئے ہیں ان کی توضیحی فہرست ہے ۔ فہرست مندرجات حسبِ ذیل ہے :

نوادرِ خطاطی ، قطعاتِ خوشنویسانِ دکن ، عکسی مرقع و خطاطی ، تاریخی کاغذاتِ قدیم ، قدیم فرامین و اسناد کے عکس ، پتھر کے قدیم اصلی کتبے ، تاریخی کتبوں کے چربے ، قدیم رنگین قلمی تصاویر ، ہاتھی دانت پر رنگین تصاویر ، جدید رنگین تصویریں ، سادہ تصویریں ، معمارانِ اُردو کی تصویریں ، عکسی تصویروں کے مرقعے ، مکتوباتِ مشاہیر ، حیدر آبادی تقریبوں کے رقعات ، نقشے اور شجرے ، دیگر تاریخی اشیاء ۔ آخر میں اشاریہ موجود ہے ۔

حوالہ : ادارۂ تحقیقات اسلامی ، اسلام آباد

